نضر الله امرءً اسمع منا حديثًا فحفظه حتى يبلغه

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ

ماهنامه

# اشاعة الحديث

حضرو

شمارہ نمبر 102

ربیع الاول و ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ

فروری ۲۰۱۳ء

**مدیر: حافظ زبیر علی زئی**







- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بعض غیب کی اطلاع
- کھلے راز، چھپے راز کے افتراءات کا جواب
- امام ابو داود سلیمان بن اشعث السجستانی رحمہ اللہ
- سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عمر اور نکاح
- مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ کا عقیدہ


مکتبة الحدیث حضرو، اٹک : پاکستان

www.irpck.com

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



تنبیہ: غسل خانے میں پیشاب کرنا ممنوع ہے۔ دیکھئے سنن ابی داود (۲۸ وسندہ صحیح)
اس سے مراد کچے غسل خانے ہیں یا وہ غسل خانے ہیں جن میں لیٹرین نہیں ہوتی۔

**۳۵۴)** وعن عبد اللّٰه بن سرجس قال قال رسول اللّٰه ﷺ : (( **لا يبولن أحدكم في جحر .** )) رواه أبو داود ، والنسائي .

اور عبداللہ بن سرجس (رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص سُوراخ میں پیشاب نہ کرے۔

اسے ابوداود (۲۹) اور نسائی (۱/۳۳۔۳۴ ح ۳۴) نے روایت کیا ہے۔

**تحقیق الحدیث:** اس کی سند ضعیف ہے۔

وجہِ ضعف یہ ہے کہ اس کی سند میں قتادہ مدلس راوی ہیں اور یہ سند عن سے ہے۔

**۳۵۵)** وعن معاذ قال قال رسول اللّٰه ﷺ : (( **اتقوا الملاعن الثلاثة : البراز في الموارد ، و قارعة الطريق ، والظل .** )) رواه أبو داود ، و ابن ماجه .

اور معاذ (بن جبل رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین موجبِ لعنت کاموں سے بچو: پانی کے گھاٹ پر قضائے حاجت کرنا، راستے میں قضائے حاجت کرنا اور سایہ دار جگہ پر قضائے حاجت کرنا۔

اسے ابوداود (۲۶) اور ابن ماجہ (۳۲۸) نے روایت کیا ہے۔

**تحقیق الحدیث:** اس کی سند ضعیف ہے۔

وجہِ ضعف یہ ہے کہ اس کے راوی ابوسعید الحمیری کی سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ملاقات ثابت نہیں، لہٰذا یہ سند منقطع ہے۔

عبدالحق الاشبیلی رحمہ اللہ (م ۵۸۲ھ) نے فرمایا: " **ولم يسمع من معاذ** "
اور ابوسعید الحمیری نے معاذ (رضی اللہ عنہ) سے (کچھ) نہیں سنا۔ (الاحکام الوسطیٰ ۱/۱۲۵)

ابوالحجاج المزی رحمہ اللہ (م ۷۴۲ھ) نے فرمایا: " **أراه مرسلاً** "
میں اسے مرسل (یعنی منقطع) سمجھتا ہوں۔ (تہذیب الکمال ۸/۳۲۰)

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



الخلاء میں داخل ہو کر "بسم اللہ" پڑھتا ہے تو انسانی شرمگاہوں اور جنات کی آنکھوں کے درمیان پردہ پڑ جاتا ہے۔

اسے ترمذی (۶۰۶) نے روایت کیا اور فرمایا: یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند قوی نہیں ہے۔

**تحقیق الحدیث:** اس کی سند ضعیف ہے۔

اسے ابن ماجہ (۲۹۷) نے بھی روایت کیا ہے۔

اس میں وجہِ ضعف یہ ہے کہ ابو اسحاق عمرو بن عبداللہ السبیعی الہمدانی مدلس ہیں۔

(دیکھئے طبقات المدلسین ۳/۹۱)

اور یہ سند عن سے ہے، نیز خود امام ترمذی نے بھی اس روایت کو غیر قوی (یعنی ضعیف) قرار دیا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ سنن اربعہ میں ضعیف روایات بھی ہیں، لہٰذا بعض معاصر علماء کا سنن اربعہ کی تمام روایات کو صحیح یا قابلِ عمل قرار دینا غلط ہے۔

اس روایت کے کئی ضعیف شواہد بھی ہیں، جن کی طرف انوار الصحیفہ (ص ۲۰۵ ت ۶۰۶) میں اشارہ کیا گیا ہے اور ان شواہد کے باوجود یہ روایت غیر قوی ہی ہے۔

**فائدہ:** امام ترمذی نے سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی جس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے، اسے طبرانی نے (الاوسط ۳/ ۲۴۵ ح ۲۵۲۵، ۸/ ۳۲ ح ۷۰۶۲ میں) دو ضعیف سندوں سے روایت کیا ہے:

۱: پہلی سند میں ابراہیم بن نجیح المکی اور ابو سنان دونوں نامعلوم ہیں اور عمر بن وہب جمہور کے نزدیک ضعیف راوی ہے، نیز سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے اس کا سماع ثابت نہیں، لہٰذا یہ سند منقطع بھی ہے۔

۲: دوسری سند میں محمد بن نجیح بن سہل کی توثیق نامعلوم ہے، سعید بن مسلمہ الاموی ضعیف اور اعمش مدلس ہیں، نیز زید العمری نامعلوم یا زید العمی (ضعیف) ہے۔

ان تمام ضعیف شواہد کے ساتھ یہ روایت ضعیف ہی ہے، لہٰذا ثابت ہوا کہ امام ترمذی

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



**فقہ الحدیث:**

۱: بہتر یہ ہے کہ استنجا کے لئے علیحدہ لوٹا ہو اور وضو کے لئے علیحدہ لوٹا ہو، جیسا کہ اس حدیث کے عموم سے ثابت ہے، تاکہ انسان ہر قسم کے وسوسوں سے بچا رہے۔

۲: استنجا کے بعد بایاں ہاتھ مٹی پر رگڑنا تاکہ خوب صاف ہو جائے، بہتر ہے اور چونکہ اصل مقصد صفائی ہے، لہٰذا اس علت کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید ایجادات مثلاً صابون یا شیمپو سے ہاتھ دھونا بھی جائز ہے۔

۳: نیک کاموں اور جائز امور میں والدین، اساتذہ اور اکابر وغیرہم کی خدمت کرنا مثلاً وضو کروانا، ہاتھ دھلوانا وغیرہ تقریری سنت سے ثابت ہے اور بہت بڑی نیکی کا کام ہے۔

۴: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ خدام رسول میں سے بہت جلیل القدر اور حافظ صحابی تھے اور صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ تمام مومنین ان سے محبت کرتے ہیں۔

یاد رہے کہ صحابۂ کرام میں سے کسی ایک صحابی کی بھی توہین یا تنقیص جائز نہیں بلکہ حرام ہے، جیسا کہ دوسرے دلائل سے ثابت ہے اور اہلِ حدیث (اہلِ سنت) کا یہ بنیادی عقیدہ ہے کہ تمام صحابہ سے محبت کی جائے، ان کا مکمل احترام کیا جائے اور کسی ایک کی بھی توہین یا تنقیص ہرگز نہ کی جائے ورنہ عین ممکن ہے کہ سارے اعمال ضائع ہو جائیں۔ واللہ اعلم

**۳۶۱)** وعن الحكم بن سفيان قال: كان النبي ﷺ إذا بال توضأ ونضح فرجه. رواه أبو داود، والنسائي. اور حکم بن سفیان (رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب پیشاب کرتے (پھر) وضو کرتے تو اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑکتے تھے۔

اسے ابوداود (۱۶۶) اور نسائی (۸۶/۱ ح ۱۳۴) نے روایت کیا ہے۔

**تحقیق الحدیث:** حسن ہے۔ نیز اسے ابن ماجہ (۴۶۱) نے بھی روایت کیا ہے۔

اس حدیث کے راوی سفیان بن الحکم یا الحکم بن سفیان الثقفی کی توثیق حاکم (۱۷۱/۱، المستدرک) اور ذہبی نے کر دی ہے، لہٰذا وہ حسن الحدیث ہیں اور ان کے والد تحقیقِ راجح میں صحابی تھے (رضی اللہ عنہ) اور باقی سند صحیح ہے۔ (نیز دیکھئے التلخیص الحبیر ۷۲/۱)

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب وضو کرتے تو "نضح فرجه" یعنی اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑکتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ۱/۱۶۷ ح ۱۷۷۵، وسندہ صحیح)

سیدنا سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ جسم اور کپڑے کے درمیان پانی چھڑکتے تھے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ۱/۱۶۷ ح ۱۷۷۴، وسندہ صحیح)

کسی حدیث یا کسی صحابی سے شلوار پر پانی چھڑکنا ثابت نہیں اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ (تابعی) جب وضو سے فارغ ہوتے تو "قال بكف من ماء في إزاره هكذا" اس طرح ایک چلو پانی ازار (تہبند) میں ڈالتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ۱/۱۶۷ ح ۱۷۸۰، وسندہ صحیح)

**۳۶۲)** وعن أميمة بنت رقيقة قالت: كان للنبي ﷺ قدح من عيدان تحت سريره يبول فيه بالليل. رواه أبو داود والنسائي.

اور اُمیمہ بنت رُقیقہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کا (کھجور کی) لکڑی کا ایک پیالہ تھا جو آپ کی چارپائی کے نیچے ہوتا تھا، آپ رات کو اس میں پیشاب کرتے تھے۔

اسے ابوداود (۲۴) اور نسائی (۱/۳۱ ح ۳۲) نے روایت کیا ہے۔

**تحقیق الحدیث:** حسن ہے۔

اسے ابن حبان (الموارد: ۱۴۱) حاکم (۱/ ۱۶۷) اور ذہبی نے صحیح، نووی اور ابن حجر العسقلانی وغیرہما نے صحیح قرار دیا ہے۔ حکیمہ بنت اُمیمہ کی جمہور محدثین نے توثیق کی ہے۔

اس حسن لذاتہ حدیث سے ثابت ہوا کہ شرعی عذر کی وجہ سے رات کو برتن میں پیشاب کرنا جائز ہے، لیکن صبح ہوتے ہی اُسے بہا کر برتن صاف کر دینا چاہئے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ گھر میں برتن میں پیشاب نہ جمع کیا جائے، کیونکہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں جمع کردہ پیشاب رکھا ہوتا ہے۔

(الاوسط للطبرانی ۳/۵۱ ح ۲۰۹۸، مجمع الزوائد ۱/۲۴ وحسنہ الہیثمی وسندہ حسن، انوار السنن: ۸۲)

یہ حدیث اس پر محمول ہے کہ برتن میں پیشاب کر کے اسے رکھ دیا جائے اور کئی کئی دن تک بہایا نہ جائے، لہٰذا ان دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں۔

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net






# رسول اللہ ﷺ اور بعض غیب کی اطلاع

**سوال:** رسول اللہ ﷺ کو دی گئی غیبی خبریں اور علمِ غیب سے متعلق علمائے اہلِ سنت کا موقف کیا ہے؟ (ایک سائل)

**الجواب:** ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ﴾ کہہ دیجئے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے الغیب نہیں جانتا مگر اللہ جانتا ہے۔ (النمل: ۶۵)

اس آیتِ کریمہ کی تشریح میں امام ابن جریر الطبری رحمہ اللہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے نبی محمد ﷺ سے فرماتا ہے کہ اے محمد! (ﷺ) قیامت کے بارے میں پوچھنے والے مشرکین سے جو کہتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی؟ کہہ دو! اللہ نے جو علم اپنے پاس رکھا ہے اور مخلوق سے اُسے چھپا دیا ہے اُس الغیب کو آسمانوں اور زمین میں کوئی نہیں جانتا اور قیامت بھی اسی (الغیب) میں سے ہے۔ (تفسیر طبری ج ۲۰ ص ۵)

اس آیتِ کریمہ سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے استدلال کرکے فرمایا: "و من زعم أن محمدًا ﷺ يعلم ما في غد فقد أعظم على الله الفرية." اور جس نے دعویٰ کیا کہ محمد ﷺ جانتے تھے جو کل ہوگا تو اس نے اللہ پر بڑا افتراء باندھا، یعنی بہت بڑا جھوٹ بولا۔ (کتاب التوحید لابن خزیمہ ص ۲۲۳ ح ۳۲۴ وسندہ صحیح، المستخرج لابی نعیم الاصبہانی ۱/۲۴۲ ح ۴۴۲ وسندہ صحیح، صحیح ابی عوانہ ج ۱ ص ۱۵۴ ح ۳۰۴)

معلوم ہوا کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی عالم الغیب ہے، نیز اُس کا علم ہر وقت ہر چیز کو محیط ہے، وہ "جمیع ما کان و جمیع ما یکون" کا علم جانتا ہے اور کوئی چیز بھی اُس کے علم

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



پھر انھوں نے سورۂ لقمان کی آیت نمبر ۳۴ تلاوت فرمائی۔

(مسند احمد ۱/۳۸۶ ح ۳۶۵۹ وسندہ حسن، مسند الحمیدی بتحقیقی: ۱۲۵، وقال ابن کثیر: " وهذا إسناد حسن " الخ)

اس حدیث کے راوی عبداللہ بن سلمہ جمہور محدثین کے نزدیک موثق ہونے کی وجہ سے صدوق حسن الحدیث تھے۔ (دیکھئے مسند الحمیدی بتحقیقی کا حاشیہ ح ۵۷)

عمرو بن مرہ کی روایت کی وجہ سے یہ حدیث عبداللہ بن سلمہ کے اختلاط سے پہلے کی ہے۔ اس سلسلے میں مفصل دلائل کے لئے کتبِ حدیث کی طرف رجوع فرمائیں۔

ایک آیتِ کریمہ کی تشریح میں حافظ ابن کثیر الدمشقی رحمہ اللہ نے فرمایا:

"إنّ اللّٰہ یعلم الغیب جمیعه... " بے شک اللہ سارا (کُل کا کُل) غیب جانتا ہے...

(تفسیر ابن کثیر ۴/۳۰۳، الانبیاء: ۱۱۰)

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ سے فرمایا: ﴿قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ﴾ کہہ دیجئے: میں اپنی جان کے لئے نفع اور نقصان کا مالک نہیں مگر جو اللہ تعالیٰ چاہے اور اگر میں الغیب جانتا تو بہت سی خیر جمع کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔

(الاعراف: ۱۸۸)

امام ابن جریر نے لکھا ہے: اگر میں وہ جانتا جو ہونے والا ہے اور ابھی تک نہیں ہوا تو خیر کثیر اکٹھی کر لیتا۔ (تفسیر طبری ۵/۵۹۰ طبع دار الحدیث القاہرہ)

اب سوال یہ ہے کہ کیا انبیاء اور رسول بھی اللہ تعالیٰ کی اطلاع اور وحی سے بعض غیب جانتے تھے؟ تو اس کے جواب سے پہلے جلیل القدر مفسرین کرام اور علمائے عظام کے دس (۱۰) حوالے پیشِ خدمت ہیں:

۱: اہلِ سنت کے مشہور ثقہ امام ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید الطبری رحمہ اللہ (متوفی ۳۱۰ھ) نے سورۃ الجن کی آیت نمبر ۲۶۔۲۷ کی تشریح میں فرمایا:

"فلا یظهر علی غیبه أحدًا فیعلمه أو یریه إیاہ إلا من ارتضی من رسول فإنه

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



یظھرہ علیٰ ما شاء من ذلك ''پس وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا تاکہ وہ اسے جان لے یا دیکھ لے، سوائے رسول کے جس پر وہ راضی ہے تو اُسے اس میں سے جو چاہے اطلاع دے دیتا ہے۔ (تفسیر طبری ج ۲۹ص ۷۶)

۲: ابن جریر سے صدیوں پہلے مفسر قرآن امام قتادہ بن دعامہ البصری رحمہ اللہ (متوفی ۱۱۷ھ) نے فرمایا: ''إلا من ارتضی من رسول فإنه یظھرہ من الغیب علیٰ ماشاء إذا ارتضاہ ''سوائے جس رسول پر وہ راضی ہو، تو اسے غیب میں سے جو چاہتا ہے بتا دیتا ہے اگر اُس (یعنی اللہ تعالیٰ) کی رضامندی ہو۔ (تفسیر ابن جریر الطبری ۲۹/۷۷ وسندہ صحیح)

۳: امام ابو محمد حسین بن مسعود البغوی الفراء رحمہ اللہ (متوفی ۵۱۶ھ) نے سورۂ آل عمران کی آیت نمبر ۱۷۹ کی تشریح میں فرمایا: ''فیطلعه علیٰ بعض علم الغیب ''پس وہ (اللہ) اسے (اپنے رسول کو) بعض علم غیب پر مطلع فرماتا ہے۔ (تفسیر بغوی ج ۱ص ۳۷۸)

امام بغوی کی اس تفسیر سے صاف ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو غیب (کی خبروں) میں سے بعض کا علم عطا فرمایا تھا۔

۴: امام ابو الحسن علی بن احمد الواحدی النیسابوری رحمہ اللہ (متوفی ۴۶۸ھ) نے فرمایا: ''و المعنی أن من ارتضاہ [ للرسالة والنبوة ] فإنه یطلعه علیٰ ما شاء من غیبه ''اور معنی یہ ہے کہ جسے وہ رسالت اور نبوت کے لئے چن لے تو اُسے اپنے غیب میں سے جس پر چاہے اطلاع دے دیتا ہے۔ (الوسیط فی تفسیر القرآن المجید ۴/۳۶۹، الجن: ۲۶۔۲۷)

۵: حافظ ابن الجوزی (متوفی ۵۹۷ھ) نے فرمایا: ''والمعنی: أن من ارتضاہ للرسالة أطلعه علیٰ ماشاء من غیبه ''اور معنی یہ ہے: جسے وہ رسالت کے لئے چن لے تو اپنے غیب میں سے جس پر چاہے اُسے اطلاع دے دیتا ہے۔

(زاد المسیر ۸/۳۸۵، الجن: ۲۶۔۲۷)

۶: قاضی ابو بکر محمد بن عبداللہ عرف ابن العربی المالکی (متوفی ۵۴۳ھ) نے منافقین کا رد کرتے ہوئے فرمایا: ''و أنّ اللّٰه یطلعه علیٰ ماشاء من غیبه ''اور بے شک اللہ

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



اسے (سیدنا محمد ﷺ کو) اپنے غیب میں سے جو چاہے اطلاع دے دیتا ہے۔

(احکام القرآن ۲/۱۰۳۳، التوبہ:۱۲۷)

۷: ابو عبداللہ محمد بن احمد القرطبی الانصاری (متوفی ۶۷۱ھ) نے فرمایا:

''فإنه يظهره على ماشاء من غيبه لأنّ الرسل مؤيدون بالمعجزات و منها الإخبار عن بعض الغائبات'' پس وہ انھیں اپنے غیب میں سے جو چاہے اطلاع دیتا ہے، کیونکہ رسولوں کی معجزات کے ساتھ تائید کی گئی اور ان (معجزات) میں سے بعض غیبوں کی خبر دینا (بھی) ہے۔ (تفسیر قرطبی ۱۹/۲۷۔۲۸، الجن:۲۶۔۲۷)

نیز دیکھئے تفسیر قرطبی (ج ۸ ص ۲۹۹، التوبہ:۱۲۷)

۸: امام ابوحیان محمد بن یوسف الاندلسی (متوفی ۷۴۵ھ) نے فرمایا:

''فإنه يظهره على ماشاء من ذلك'' پس وہ اس (غیب) میں سے جو چاہے، آپ (ﷺ) کو اطلاع دے دیتا ہے۔ (البحر المحیط ج ۸ ص ۳۴۸، الجن:۲۶۔۲۷)

۹: حافظ ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ) نے بعض انبیاء کے بارے میں فرمایا:

''و منهم من أطلعه على ماشاء من غيبه'' اور اُن میں سے وہ بھی ہیں جنھیں اُس (اللہ) نے اپنے غیب میں سے بعض پر اطلاع فرمائی۔ (مجموع فتاویٰ ۲۸/۶۰۵)

۱۰: حافظ ابن القیم (متوفی ۷۵۱ھ) نے فرمایا:

''﴿ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء﴾ استدراك لما نفاه من اطلاع خلقه على الغيب سوى الرسل فإنه يطلعهم على ما يشاء من غيبه ...''

﴿اور لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے﴾ نفی پر استدراک ہے کہ اللہ اپنی مخلوقات میں سے رسولوں کے سوا کسی کو غیب پر اطلاع نہیں دیتا، پس وہ جو چاہتا ہے اپنے غیب میں سے انھیں اطلاع دے دیتا ہے...

(زاد المعاد ج ۳ ص ۲۲۰ فصل فی ذکر بعض الحکم والغایات المحمودۃ....)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے تفسیر بیضاوی (۱/۱۹۵) تفسیر ثعلبی (۳/۲۱۹) ارشاد

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



القاری للقسطلانی (۷/۱۸۶) الدر المصون فی علوم الکتاب المکنون (۶/۳۹۹) جلالین (ص۹۲) اضواء البیان (۲/۱۹۶) اور التفسیر الصحیح لحکمت بشیر (۴/۵۴۸) وغیرہ.

حافظ ابن حجر العسقلانی رحمہ اللہ نے ایک آیت کی تشریح میں فرمایا:

''فانه یقتضی اطلاع الرسول علی بعض الغیب'' پس اس کا یہ تقاضا ہے کہ رسول کو بعض غیب پر اطلاع دی جائے۔ (فتح الباری ۸/۵۱۴ تحت ح ۴۷۷۸)

آثار سلف صالحین، آیاتِ کریمہ اور احادیثِ صحیحہ کا اس مسئلے میں خلاصہ درج ذیل ہے:

۱: صرف اللہ ہی عالم الغیب ہے اور یہ اس کی صفتِ خاصہ ہے جس میں کوئی بھی اس کا شریک نہیں۔

۲: جمیع ما کان وما یکون یعنی سارا اور کلی علمِ غیب صرف اللہ ہی جانتا ہے۔

۳: پانچ چیزوں (مثلاً قیامت وغیرہ) کا علم صرف اللہ کے پاس ہے اور مخلوق میں سے کوئی بھی ان پانچ چیزوں کا علم نہیں جانتا۔

۴: رسولوں اور انبیاء کو بعض علمِ غیب کی اطلاع دی گئی تھی اور وہ اسے جانتے تھے۔

رسول اللہ ﷺ کے علمِ غیب کے بارے میں دو فرقوں کے متضاد نظریات درج ذیل ہیں:

۱: رسول اللہ ﷺ تکمیلِ قرآن کے بعد جمیع ما کان وجمیع ما یکون کا علم باذن اللہ جانتے ہیں۔ یہ بریلویہ رضاخانیہ کا عقیدہ ہے۔

اس نظریے کی کوئی صریح دلیل قرآن، حدیث، اجماع اور آثارِ سلف صالحین سے ثابت نہیں اور نہ تکمیلِ قرآن کی متعین تاریخ کا علم کسی حدیث یا خبر میں موجود ہے۔

اس جواب کے شروع میں گزر چکا ہے کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا:

اور جس (شخص) نے دعویٰ کیا کہ (سیدنا) محمد ﷺ جانتے تھے جو کل ہوگا، تو اس نے اللہ پر بڑا افتراء باندھا یعنی بہت بڑا جھوٹ بولا۔ (صحیح ابی عوانہ ۱/۳۰۴)

ام المومنین رضی اللہ عنہا نے یہ بات مسروق تابعی کے سامنے فرمائی تھی، جس سے ثابت ہوا کہ اُن کا یہ قول رسول اللہ ﷺ کی وفات اور تکمیلِ قرآن کے بعد کا ہے۔

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[illegible]

# مسند الحمیدی

کا مستند ترجمہ محدثِ دوراں حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کے قلم سے

عنقریب شائع ہو رہا ہے۔ (ان شاء اللہ)

## نمایاں خصوصیات

- ☆ محققِ کتاب کے قلم سے علمی و تحقیقی مقدمہ
- ☆ آسان فہم ترجمہ
- ☆ ہر حدیث کی مختصر مگر جامع تخریج
- ☆ صحت وضعف کے اعتبار سے ہر حدیث پر حکم
- ☆ عربی مطبوع نسخے میں پائی جانے والی غلطیوں کی نشاندہی
- ☆ اہم فوائد قلمبند

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



۲: بعض لوگ ایک فلسفہ گھڑتے ہیں کہ جو غیب وحی یا اللہ کی طرف سے اطلاع واخبار کے ذریعے سے معلوم ہو، اسے غیب نہیں کہتے، لہٰذا نبی ﷺ کسی قسم کا غیب نہیں جانتے تھے بلکہ ایک شخص نے میرے سامنے کہا: رسول اللہ ﷺ ایک ذرا برابر غیب بھی نہیں جانتے تھے۔ (استغفر اللہ ، معاذ اللہ)

یہ بعض مبتدعہ اور جدید متکلمین کا عقیدہ ہے جس کی کوئی دلیل قرآن، حدیث، اجماع اور آثارِ سلف صالحین میں موجود نہیں، بلکہ یہ عقیدہ سراسر باطل اور صریح گمراہی ہے۔

بعض آلِ دیوبند نے نبی ﷺ کے علم کی وسعت کا انکار کیا اور دوسری طرف کہا:

"شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی، فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے..."

(دیکھئے براہین قاطعہ بجواب انوار ساطعہ ص ۵۵)

عرض ہے کہ شیطان اور ملک الموت کی وسعتِ علم کے بارے میں نہ کوئی نص قطعی ہے، نہ خبر واحد صحیح اور نہ آثار میں سے کوئی صحیح اثر، لہٰذا مذکورہ عبارت باطل ہے اور نبی ﷺ کے علم کا شیطان کے باطل علم سے مقارنہ کرنا آپ ﷺ کی بہت بڑی توہین ہے۔

بعض آلِ دیوبند نے جمیع حیوانات وبہائم اور ہر صبی ومجنون کے ساتھ بعض علومِ غیبیہ کا انتساب کیا اور نبی ﷺ کے علم سے تشبیہانہ مقابلہ کیا۔

دیکھئے اشرفعلی تھانوی کی حفظ الایمان (مع التحریفات ص ۱۱۶، طبع انجمن ارشاد المسلمین لاہور)

یہ سارا بیان باطل اور صریح گستاخی ہے۔ ان اہلِ بدعت کے مقابلے میں اہلِ سنت والجماعۃ (اہلِ حدیث) کا عقیدہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جو بعض غیب اللہ تعالیٰ نے بتایا، وہ آپ جانتے تھے اور جو نہیں بتایا وہ نہیں جانتے تھے۔

حافظ ابن عبدالبر الاندلسی رحمہ اللہ (متوفی ۴۶۳ھ) نے ایک حدیث کی تشریح میں لکھا:

"و فیه أنه کان ﷺ لا یعلم الغیب و إنما کان یعلم منه ما یظهره الله علیه" اور اس حدیث میں یہ (فقہ) ہے کہ بے شک آپ ﷺ غیب نہیں جانتے تھے اور

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[illegible]

# نُورُ العَینَین فی اثبات رَفع الیدین

ازقلم: فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

اس جدید ایڈیشن میں رفع الیدین سے متعلق ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل بہت سے اہم فوائد کا اضافہ کیا گیا ہے اب یہ جدید اضافہ شدہ ایڈیشن اپنے موضوع پر ایک انسائیکلو پیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔

[illegible]

# کِتابُ الاَربعین

- ☆ فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کے قلم سے کتاب الاربعین کا آسان فہم ترجمہ
- ☆ مکمل تحقیق وتخریج ☆ شرح وفوائد ☆ راویان حدیث کا تعارف
- ☆ قلمی نسخے (مخطوطے) سے تقابل وموازنہ
- ☆ یادرہے امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اپنی سند سے تمام احادیث بیان کی ہیں۔

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

